احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

جمعرات 24 جولائی 2003ء

روزنامہ ٹیلی فون نمبر 213029 C.P.L.29

# الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

جمعرات 24 جولائی 2003ء 23 جمادی الاول 1424 ہجری-24 وفا 1382 ہش جلد 53-88 نمبر 165

## مجھے بھی ساتھ لے چلیں

حضرت ابوبکرؓ مکہ سے ہجرت کرنے لگے تو رسول کریمؐ نے ان سے فرمایا ابھی ٹھہر جاؤ مجھے امید ہے کہ مجھے بھی ہجرت کی اجازت مل جائے گی- چنانچہ حضرت ابوبکرؓ نے دو اونٹنیوں کو چار ماہ تک گھر میں کیکر کے پتوں کا چارہ ڈال کر اچھی طرح تیار کیا اور جب رسول اللہؐ کو ہجرت کی اجازت ہوئی تو حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا مجھے بھی ساتھ لے چلیں- اور اجازت ملنے پر آپ نے ایک اونٹنی رسول اللہؐ کو پیش کردی مگر آپ نے فرمایا میں اس کی قیمت دوں گا-

(صحیح بخاری کتاب المناقب باب ہجرۃ النبی حدیث نمبر 3616)

## ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

اس جلسہ کے اغراض میں سے بڑی غرض تو یہ ہے کہ تا ہر ایک مخلص کو بالمواجہ دینی فائدہ اٹھانے کا موقع ملے اور ان کے معلومات وسیع ہوں اور خدا تعالیٰ کے فضل و توفیق سے ان کی معرفت ترقی پذیر ہو۔ پھر اس کے ضمن میں یہ بھی فوائد ہیں کہ اس ملاقات سے تمام بھائیوں کا تعارف بڑھے گا اور اس جماعت کے تعلقات اخوت استحکام پذیر ہوں گے۔ ماسوا اس کے جلسہ میں یہ بھی ضروریات میں سے ہے کہ یورپ اور امریکہ کی دینی ہمدردی کے لئے تدابیر حسنہ پیش کی جائیں۔ کیونکہ اب یہ ثابت شدہ امر ہے کہ یورپ اور امریکہ کے سعید لوگ .......... کے قبول کرنے کے لئے طیار ہو رہے ہیں اور .......... کے تفرقہ مذاہب سے بہت لرزاں اور ہراساں ہیں چنانچہ انہیں دنوں میں ایک انگریز کی میرے نام چٹھی آئی جس میں لکھا تھا کہ آپ تمام جانداروں پر رحم رکھتے ہیں۔ اور ہم بھی انسان ہیں اور مستحق رحم۔ کیونکہ دین .......... قبول کر چکے اور .......... کی سچی اور صحیح تعلیم سے اب تک بے خبر ہیں۔ سو بھائیو یقیناً سمجھو کہ یہ ہمارے لئے ہی جماعت طیار ہونے والی ہے۔ خدا تعالیٰ کسی صادق کو بے جماعت نہیں چھوڑتا۔ انشاء اللہ القدیر سچائی کی برکت ان سب کو اس طرف کھینچ لائے گی۔ خدا تعالیٰ نے آسمان پر یہی چاہا ہے اور کوئی نہیں کہ اس کو بدل سکے۔ سو لازم ہے کہ اس جلسہ پر جو کئی بابرکت مصالح پر مشتمل ہے ہر ایک ایسے صاحب ضرور تشریف لاویں جو زاد راہ کی استطاعت رکھتے ہوں اور اپنا سرمائی بستر لحاف وغیرہ بھی بقدر ضرورت ساتھ لاویں اور اللہ اور اس کے رسولؐ کی راہ میں ادنےٰ ادنےٰ حرجوں کی پرواہ نہ کریں۔ خدا تعالیٰ مخلصوں کو ہر یک قدم پر ثواب دیتا ہے اور اس کی راہ میں کوئی محنت اور صعوبت ضائع نہیں ہوتی۔ اور مکرر لکھا جاتا ہے کہ اس جلسہ کو معمولی انسانی جلسوں کی طرح خیال نہ کریں۔ یہ وہ امر ہے جس کی خالص تائید حق اور اعلائے .......... پر بنیاد ہے۔ اس سلسلہ کی بنیادی اینٹ خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہے اور اس کے لئے قومیں طیار کی ہیں جو عنقریب اس میں آملیں گی کیونکہ یہ اس قادر کا فعل ہے جس کے آگے کوئی بات انہونی نہیں۔

(مجموعہ اشتہارات جلد اول ص 340)

## جلسہ سالانہ برطانیہ 2003ء

### پر حضور انور کے خطابات

37 واں جلسہ سالانہ برطانیہ 25 تا 27 جولائی 2003ء کو منعقد ہو رہا ہے۔ اس جلسہ میں خطبہ جمعہ کے علاوہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے چار خطابات ایم ٹی اے پر براہ راست نشر ہوں گے۔ ان کی تفصیل حسب ذیل ہے:۔

| تاریخ | پروگرام (بمطابق پاکستانی وقت) |
|---|---|
| 25 جولائی | خطبہ جمعہ 5:00 بجے سہ پہر |
| 25 جولائی | افتتاحی خطاب 8:30 بجے رات |
| 26 جولائی | مستورات سے خطاب 4:00 بجے سہ پہر |
| 26 جولائی | دوسرے دن کا خطاب 8:00 بجے رات |
| 27 جولائی | عالمی بیعت 5:00 بجے سہ پہر |
| 27 جولائی | اختتامی خطاب 8:00 بجے رات |

## کام کرنے کی روح پیدا کریں

حضرت مصلح موعودؓ نے فرمایا:۔

ہاتھ سے کام نہ کرنا کوئی معمولی بات نہیں۔ اس سے بڑی بڑی خرابیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ اور اچھے اچھے خاندان برباد ہو جاتے ہیں۔ پھر اس کے نتیجے میں غرباء ہمیشہ غربت کی حالت میں رہتے ہیں اور انہیں اپنی حالت میں تغیر کرنے کا موقعہ نہیں ملتا۔

ہمارے نوجوانوں میں یہ نسبت اور امراض کے یہ مرض (ہاتھ سے کام نہ کرنا) زیادہ راسخ ہے۔ اپنے ہاتھ سے کام نہ کرنے کے نتیجہ میں اس وقت جتنے لوگ ہیں خواہ وہ بڑے ہیں یا چھوٹے سب مخاطب ہیں۔ میں اپنی اولاد کو بھی مستثنیٰ نہیں کر سکتا وہ بھی اس بات پر تو تیار ہو جائیں گے کہ سلسلہ کیلئے اپنی جانیں دیں ...... لیکن اپنے ہاتھ سے کام کرنا انہیں دوبھر معلوم ہوگا یہ محض عادت نہ ہو جانے کی وجہ سے ہے۔ اگر ہم جماعت میں کام کرنے کی روح پیدا کر دیں تو جماعت کا 25 فیصدی بوجھ اتر سکتا ہے اور جب وہ دنیا میں مفید کام کرنے لگ جائیں گے تو میں سمجھتا ہوں کہ مزید 25 فیصد بوجھ اتر سکتا ہے۔ (خطبہ جمعہ 24 جنوری 1936ء)

(نظارت امور عامہ)

# تاریخ احمدیت

## منزل بہ منزل

مرتبہ ابن رشید

## دین اور انسانیت کی خدمت کا سفر

### 1995ء (1)

یکم جنوری — حضرت صاحبزادہ مرزا مسرور احمد صاحب مجلس انصار اللہ پاکستان کی مجلس عاملہ میں قائد ذہانت وصحت جسمانی مقرر ہوئے اور 1997ء تک قائد تعلیم القرآن بھی رہے۔

7 جنوری — ایم ٹی اے کا ایک سال مکمل ہونے پر محمود ہال لندن میں ایک تقریب سے حضور نے خطاب فرمایا۔

14 جنوری — فضل عمر ہسپتال ربوہ کے شعبہ ریڈیالوجی کی نئی عمارت کا سنگ بنیاد رکھا گیا۔

17 جنوری — جاپان کے شہر کوبے میں زلزلہ آیا۔ جس سے 25 فروری تک 5400 اموات ہوئیں۔ جماعت احمدیہ جاپان کو زلزلہ زدگان کی غیر معمولی خدمت کی توفیق ملی۔ حضور نے ایم ٹی اے کے ذریعہ کارکنان کو براہ راست ہدایات دیں۔

20 جنوری — بنگلہ دیش کا 71 واں جلسہ سالانہ۔

26 جنوری — تنولی مانسہرہ میں ایک احمدی کے گھر پر حملہ کیا گیا۔

24 فروری — حضور نے برطانیہ میں بیت الفتوح کی تعمیر کے لئے 5 ملین پاؤنڈ کی مالی تحریک کا اعلان فرمایا۔ نیز تمام دنیا میں احمدیہ بیوت الذکر کی توسیع کی تحریک فرمائی۔

2 مارچ — حضور نے عالمی درس القرآن کے اختتام پر آخری 3 سورتوں کی تفسیر بیان کی اور عالمی دعا کروائی۔

3 مارچ — حضور نے ایک رویا کی بنا پر اسمائے باری تعالیٰ پر خطبہ عید الفطر سے خطبات کا سلسلہ شروع فرمایا۔

مارچ — جماعت گھانا کی تحریک پر ملک میں رویت ہلال کمیٹی قائم کی گئی جس کا سربراہ ایک احمدی کو مقرر کیا گیا۔ غانا کی تاریخ میں پہلی بار ایک ہی دن رمضان شروع ہوا اور ایک ہی دن عید منائی گئی۔

17 مارچ — مجلس انصار اللہ پاکستان نے مٹھی تھر پارکر میں المہدی ہسپتال تعمیر کر کے وقف جدید کے سپرد کر دیا۔

31 مارچ — حضور نے شوریٰ کے نظام کو مختلف زبانوں میں شائع کرنے کی تحریک فرمائی۔

7 اپریل — حضور نے خطبہ جمعہ میں ایم ٹی اے کے ذریعہ پاپوانیوگنی کی بیت الذکر کے افتتاح کا اعلان کیا۔ اس کا نام بیت الکریم رکھا گیا ہے۔

8 اپریل — بمبئی کے قریب ایک مقام ''مالیگاؤں'' میں جماعت کے افراد پر حملہ کیا گیا۔ 5 احمدی زخمی ہوئے۔

9 اپریل — پشاور کے قریب شب قدر میں چوہدری ریاض احمد صاحب کو شہید کر دیا گیا۔ ڈاکٹر رشید احمد صاحب سخت زخمی ہوئے۔

23 اپریل — ننکانہ ضلع شیخوپورہ کے ایک احمدی کو شادی کارڈ پر بسم اللہ وغیرہ لکھنے کے جرم میں 6 سال قید اور ایک ہزار روپیہ جرمانہ کی سزا سنائی گئی ان کے خلاف 17 مئی 1992ء کو مقدمہ درج ہوا تھا۔

# خدا نما پایا

جانے والے! تری رفاقت کا — ہم نے ہر رنگ میں مزا پایا
وہ جو سایہ سروں پہ تھا تیرا — ہم نے ہم پایۂ ہما پایا
دہریت کے بسیط عالم میں — ہم نے تجھ کو خدا نما پایا
تیری آنکھوں میں تیری سانسوں میں — ہر گھڑی عشق مصطفیٰؐ پایا
فہم قرآن کے سمندر میں — غوطہ زن تجھ کو بارہا پایا
علم و عرفان کی فضاؤں میں — تجھ کو بالائے ہر فضا پایا
امن عالم کے راستوں پہ تجھے — ساری راہوں سے آشنا پایا
تیرے چلنے سے وہ بھی چلنے لگا — جس نے خود کو شکستہ پا پایا
پوچھ اطفال کی مجالس سے — بچے بچے نے تجھ سے کیا پایا
تو نے بھی ''مثل زمن موسیٰ'' — ایک ''فرعون'' کو کھڑا پایا
اس کی فرعونیت کی چالوں سے — بچ نکلنے کا راستہ پایا
تیری ہجرت کا ماجرا سن کر — ہم نے اللہ کا پتہ پایا
تیرے خطبات، تیری تحریریں — لفظ لفظ ایک معجزہ پایا
ایم ٹی اے نے تری فراست سے — زندگی بھر کا سلسلہ پایا
تیری آواز کا نشیب و فراز — فکر و فن نے بھی ہمنوا پایا
اپنا دکھ درد لے کے جو آیا — تجھ کو اس دکھ میں مبتلا پایا
جس کسی نے کہا دعا کیلئے — سر سے پا تک تجھے دعا پایا

جا خدا کی رضا کے دامن میں
ابدی راحتوں کے مامن میں

آنے والے! تری محبت کو — ہم نے سینوں میں موجزن پایا
ہے کیا مسند خلافت پہ — تجھ کو اللہ نے سریر آرا
دل پکار اٹھے مرحبا مسرور! — آ بصد شان دلربائی آ
قدرت ثانیہ کے مظہر کا — پانچواں دور، دور ہے تیرا
جس کی رکھی گئی دلوں میں بنا — تو ہے اس سلطنت کا فرمانروا
کامرانی ترا مقدر ہے — ہے ترے ساتھ ساتھ تیرا خدا
ہم اطاعت گزار بندے ہیں — اور ملا ہے شعور اطاعت کا
سر بسر آج سر بسجدہ ہیں — آج پھر اسجدوا کا حکم ملا
ہر گھڑی ہم ہیں گوش بر آواز — سن رہے ہیں تو ایک تیری صدا
دیکھتے ہیں تو ایک تیری طرف — منتظر ہیں کہ ہو اشارا ترا

تو ہے اب میر کارواں اپنا
کارواں ہے رواں دواں اپنا

عبد المنان ناہید

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر قاضی منیر احمد مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

آ رہا ہے اس طرف احرار یورپ کا مزاج — نبض پھر چلنے لگی مردوں کی ناگہ زندہ وار

''وہ دن نزدیک ہیں کہ سچائی کا آفتاب مغرب سے طلوع ہوگا اور یورپ کو سچے خدا کا پتہ لگے گا''

# برطانیہ اور یورپ میں غلبہ دین سے متعلق حضرت مسیح موعود کی پیشگوئیاں

## ہمارے غالب آنے کے ہتھیار روحانی قوتیں اور دلائل قاطعہ ہیں

عبدالستار خان صاحب

اللہ تعالیٰ نے سیدنا حضرت مسیح موعود کو موعود اقوام عالم بنا کر بھیجا اور آپ کو یہ بشارت دی کہ دین حق اپنی تمام برکات کے ساتھ تمام ادیان باطلہ پر غالب آئے گا دجالیت پاش پاش ہوگی اور کل عالم پر توحید کا جھنڈا لہرائے گا۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کو یورپ میں غلبہ دین حق سے متعلق جو پیش خبریاں اور بشارات عطا فرمائیں وہ ازدیاد ایمان کی خاطر پیش خدمت ہیں۔

### توحید کی فتح

حضرت مسیح موعود نے 1897ء میں خدا سے الہام پا کر یورپی ممالک میں توحید کی فتح کی بشارت دیتے ہوئے تحریر فرمایا:-

''میں ہر دم اس فکر میں ہوں کہ ہمارا اور نصاریٰ کا کسی طرح فیصلہ ہو جائے میرا دل مردہ پرستی کے فتنہ سے خون ہوتا جاتا ہے ........ میں کبھی کا اس غم سے فنا ہو جاتا اگر میرا مولیٰ اور میرا قادر و توانا مجھے تسلی نہ دیتا۔ کہ آخر توحید کی فتح ہے۔ غیر معبود ہلاک ہوں گے۔ اور جھوٹے خدا اپنی خدائی کے وجود سے منقطع کئے جائیں گے۔ نئی زمین ہوگی اور نیا آسمان ہوگا۔ اب وہ دن نزدیک آتے ہیں کہ جو سچائی کا آفتاب مغرب کی طرف سے چڑھے گا۔ اور یورپ کو سچے خدا کا پتہ لگے گا۔ اور بعد اس کے توبہ کا دروازہ بند ہوگا۔ کیونکہ داخل ہونے والے بڑے زور سے داخل ہو جائیں گے۔ اور وہی باقی رہ جائیں گے۔ جن کے دل پر فطرت سے دروازے بند ہیں۔ اور نور سے نہیں بلکہ تاریکی سے محبت رکھتے ہیں۔

قریب ہے کہ سب ملتیں ہلاک ہوں گی۔ مگر ... اور سب حربے ٹوٹ جائیں گے۔ مگر ... کا آسمانی حربہ کہ وہ نہ ٹوٹے گا، نہ کند ہوگا۔ جب تک دجالیت کو پاش پاش نہ کردے۔ وہ وقت قریب ہے کہ خدا کی سچی توحید جس کو بیابانوں کے رہنے والے اور تمام تعلیموں سے غافل بھی اپنے اندر محسوس کرتے ہیں، ملکوں میں پھیلے گی۔ اس دن نہ کوئی مصنوعی کفارہ باقی رہے گا، اور نہ کوئی مصنوعی خدا۔ اور خدا کا ایک ہی ہاتھ کفر کی سب تدبیروں کو باطل کر دے گا۔ لیکن نہ کسی تلوار سے، اور نہ کسی بندوق سے، بلکہ مستعد روحوں کو روشنی عطا کرنے سے، اور پاک دلوں پر ایک نور اتارنے سے۔ تب یہ باتیں جو میں کہتا ہوں سمجھ میں آئیں گی۔''

(تذکرہ طبع دوم 1956ء ص 298)

### مغرب سے طلوع شمس

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پیشگوئی فرمائی تھی کہ مسیح موعود کے زمانہ میں سورج مغرب سے طلوع ہوگا اس کی حقیقت بیان کرتے ہوئے حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:-

طلوع شمس کا جو مغرب کی طرف سے ہوگا۔ ہم اس پر بہر حال ایمان لاتے ہیں لیکن اس عاجز پر جو ایک رویا میں ظاہر کیا گیا وہ یہ ہے جو مغرب کی طرف سے آفتاب کا چڑھنا یہ معنی رکھتا ہے کہ ممالک مغربی جو قدیم سے ظلمت کفر و ضلالت میں ہیں آفتاب صداقت سے منور کئے جائیں گے اور ان کو ... سے حصہ ملے گا (۔) اور یاد رہے کہ مجھے اس بات سے انکار نہیں کہ طلوع الشمس من مغربہا کے کوئی اور معنے بھی ہوں میں نے صرف کشف کے ذریعہ سے جو خدا تعالیٰ نے مجھے عطا کیا ہے مذکورہ بالا معنے کو بیان کیا ہے۔ (۔)

اگر کوئی اس جگہ یہ سوال کرے کہ جب مغرب کی طرف سے آفتاب طلوع کرے گا تو جیسا کہ لکھا ہے توبہ کا دروازہ بند ہو جائے گا تو پھر اگر یہی معنے سچ ہیں تو ایسے ... سے کیا فائدہ جو مقبول ہی نہیں۔

اس کا جواب یہ ہے کہ توبہ کا دروازہ بند ہونے سے یہ مطلب تو نہیں کہ توبہ منظور ہی نہیں ہوگی۔ بلکہ مطلب یہ ہے کہ جب ممالک مغربی کے لوگ فوج در فوج ... میں داخل ہو جائیں گے۔ تب ایک انقلاب عظیم ادیان میں پیدا ہوگا۔ اور جب یہ آفتاب پورے طور پر ممالک مغربی میں طلوع کرے گا تو وہی لوگ ... سے محروم رہ جائیں گے جن پر دروازہ توبہ کا بند ہے یعنی جن کی فطرتیں بالکل مناسب حال ... کے واقعہ نہیں۔ سو توبہ کا دروازہ بند ہونے کے یہ معنے نہیں کہ لوگ توبہ کریں گے مگر منظور نہیں ہوگی۔ اور خشوع اور خضوع سے روئیں گے مگر رد کئے جائیں گے کیونکہ یہ اس دنیا میں اس رحیم و کریم کی شان سے بالکل بعید ہے۔ بلکہ مطلب یہ ہے کہ ان کے دل سخت ہو جائیں گے اور ان کو توبہ کی توفیق نہیں دی جاوے گی اور وہی اشرار ہیں جن پر قیامت آئیگی۔ فتفکر وتدبر۔

(ازالہ اوہام روحانی خزائن جلد 3 ص 376)

### سفید پرندے

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:-

میں نے دیکھا کہ میں شہر لنڈن میں ایک منبر پر کھڑا ہوں اور انگریزی زبان میں ایک نہایت مدلل بیان سے ... کی صداقت ظاہر کر رہا ہوں۔ بعد اس کے میں نے بہت سے پرندے پکڑے جو چھوٹے چھوٹے درختوں پر بیٹھے ہوئے تھے اور ان کے رنگ سفید تھے اور شاید تیتر کے جسم کے موافق ان کا جسم ہوگا۔ سو میں نے اس کی یہ تعبیر کی کہ اگرچہ میں نہیں مگر میری تحریریں ان لوگوں میں پھیلیں گی۔ اور بہت سے راستباز انگریز صداقت کا شکار ہو جائیں گے۔ درحقیقت آج تک مغربی ملکوں کی مناسبت دینی سچائیوں کے ساتھ بہت کم رہی ہے گویا خدا تعالیٰ نے دین کی عقل تمام ایشیا کو دے دی اور دنیا کی عقل تمام یورپ اور امریکہ کو۔ نبیوں کا سلسلہ بھی اول سے آخر تک ایشیا کے ہی حصہ میں رہا اور ولایت کے کمالات بھی انہیں لوگوں کو ملے۔ اب خدا تعالیٰ ان لوگوں پر نظر رحمت ڈالنا چاہتا ہے۔

(ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد 3 ص 377)

### بحر ذخار کی طرح دریا

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:-

میں دیکھتا ہوں کہ ایک بڑا بحر ذخار کی طرح دریا ہے جو سانپ کی طرح بل پیچ کھاتا مغرب سے مشرق کو جا رہا ہے اور پھر دیکھتے دیکھتے سمت بدل کر مشرق سے مغرب کو الٹا بہنے لگا ہے۔

(تذکرہ طبع دوم 1956ء ص 482)

### قبول حق کی بشارت

اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کو انگریزی زبان میں الہام فرمایا:-

''آئی لویو۔ آئی شیل گویو، لارج پارٹی آف ...

اس الہام کا ترجمہ اور تشریح کرتے ہوئے حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:-

پھر دوسری پیشگوئی انگریزی زبان میں ہے اور میں اس زبان سے واقف نہیں۔ یہ بھی ایک معجزہ ہے جو اس زبان میں وحی نازل ہوئی ہے۔ ترجمہ یہ ہے کہ میں تم سے محبت کرتا ہوں میں تمہیں ایک بڑا گروہ ... کا دونگا اور ایک گروہ تو ان میں سے پہلے ... میں سے ہوگا اور دوسرا گروہ ان لوگوں میں سے ہوگا جو دوسری قوموں میں سے ہونگے یعنی ہندوؤں میں سے یا یورپ کے عیسائیوں میں سے یا امریکہ کے عیسائیوں میں سے یا کسی اور قوم میں سے۔

(براہین احمدیہ حصہ پنجم روحانی خزائن جلد 21 ص 105)

### جنگ میں فتح کی بشارت

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پیشگوئی فرمائی تھی کہ مسیح موعود کے زمانہ میں ایک ایسی قوم ہوگی جس کے ساتھ کسی کو جنگ کرنے کی طاقت نہ ہوگی اس حدیث کی وضاحت کرتے ہوئے حضرت مسیح موعود


یورپ کے ممالک
برطانیہ
فرانس
جرمنی
اٹلی
سپین
پولینڈ
یوکرائن
بیلوروس
رومانیہ
ترکی
قازقستان
ایران
عراق
شام
بحیرہ اسود
بحیرہ روم
بحیرہ شمال
بحیرہ ناروجین
بحیرہ اوقیانوس شمالی
رشین فیڈریشن
فن لینڈ

